احکامِ شریعت
امام اہلسنت اعلیحضرت احمد رضا خان بریلوی
علیہ الرحمۃ
شبیر برادرز اردو بازار لاہور

مسلک اہلسنّت کے مطابق روزمرہ شرعی مسائل کا مستند مجموعہ

تینوں حصے مکمل معہ ملفوظات

تصنیف لطیف

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی قادری قدس سرہ العزیز

دیباچہ و موضوع بندی

علامہ عالم فقری

شبیر برادرز
۴۰۔بی اردو بازار لاہور

نام کتاب ـــــــ احکام شریعت (مکمل تین حصے)

نام مصنف ـــــــ اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلویؒ

ترجمہ عربی ـــــــ محمد اول قادری چشتی

دیباچہ سوانح مصنف ـــــــ عالم فقری

تعداد طبع اوّل ـــــــ ایک ہزار

سال طباعت ـــــــ ۱۹۸۴ء

زیر نگرانی ـــــــ جناب حاجی انور اختر صاحب

شبیر برادرز

ناشر ـــــــ

اردو بازار لاہور

قیمت ـــــــ ۵۷/- روپے

مطبوعہ خادم پرنٹرز اردو بازار لاہور

بہتر ہوتا ہے اور خصی بیل محنت زیادہ برداشت کرتا ہے اور تحقیق یہ ہے کہ اگر جانور کے خصی کرنے میں واقعی کوئی منفعت یا دفع مضرت مقصود ہو تو مطلقاً حلال اگرچہ جانور غیر ماکول اللحم ہو مثلاً بلی وغیرہ ورنہ حرام ہے۔ اسی اصل کی بنا پر ہمارے علماء گھوڑے کو خصی کرنا بھی جائز جانتے ہیں جبکہ مقصود دفع شرارت ہو اگرچہ بعض منع فرماتے ہیں:

لما فیہ من تقلیل آلۃ الجہاد اقول الموجود لا یعدم والموہوم لا یعتبر الا تری ان العزل یجوز عن الامۃ مطلقا وعن الحرۃ باذنہا بخلاف الاکل فان فیہ اعدام موجود۔

ہاں آدمی کا خصی بالاجماع مطلقاً حرام ہے درمختار میں ہے

وجاز خصاء البہائم حتی الہرۃ واما خصاء الآدمی فحرام قیل الفرس وقیدوہ بالمنفعۃ والا فحرام۔

ردالمحتار میں ہے:

قولہ قیل والفرس ذکر شمس الائمۃ الحلوانی انہ لا باس بہ عند اصحابنا وذکر شیخ الاسلام انہ حرام۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ۔ بچوں کی تعلیم کا حکم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ وہابیوں کے پاس اپنے لڑکوں کو پڑھانا کیسا ہے اور جو اُن کے پاس اپنے لڑکوں کو پڑھنے کے لیے بھیجے اس کے لیے کیا حکم ہے۔

الجواب

حرام۔ حرام۔ حرام۔ اور جو ایسا کرے بدخواہ اطفال و مبتلائے آثام۔ قال اللہ تعالیٰ:

یا ایہا الذین آمنوا قوا انفسکم واہلیکم نارا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۹۔ اہل کتاب کی ملازمت

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ انگریزوں کی نوکری سلائی کے کام کی کرنا یا اُن کا کپڑا مکان پر لاکر سینا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب: انگریز کی سلائی کی نوکری کرنے یا گھر پر لاکر اُس کا کپڑا سینے میں